# انجمن خدام القرآن
## ماہانہ خبر نامہ
سندھ، کراچی، رجسٹرڈ

بانی: ڈاکٹر اسرار احمدؒ — شمارہ نمبر: 12 — جنوری 2020ء بمطابق جمادی الاول ۱۴۴۱ھ

زیرِ اہتمام: انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی۔


## فرمانِ الٰہی

وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ لَىِٕنْ اٰتٰىنَا مِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ فَلَمَّاۤ اٰتٰىهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ بَخِلُوْا بِهٖ وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَوْنَهٗ بِمَاۤ اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوْهُ وَبِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ (سورہ توبہ 75 تا 77)

اور ان میں سے بعض ایسے ہیں جنہوں نے اللہ سے عہد کیا تھا کہ اگر وہ ہم کو اپنی مہربانی سے عطا فرمائے گا تو ضرور صدقہ کیا کریں گے اور نیکو کاروں میں ہو جائیں گے پس جب اللہ نے ان کو اپنے فضل سے (مال) دیا تو وہ بخل کرنے لگے اور اپنے عہد سے روگردانی کر کے پھر بیٹھے تو اللہ نے اس روز تک کے لیے جس میں وہ اللہ کے روبرو حاضر ہونگے ان کے دلوں میں نفاق ڈال دیا اسلئے کہ انہوں نے اللہ سے جو وعدہ کیا تھا اس کے خلاف کیا اور اسلئے کہ وہ جھوٹ بولتے تھے۔

## فرمانِ نبوی ﷺ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ ان رسول ﷺ قَالَ: آيَةُ الْمُنَافِقِ ثَلَاثٌ إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ وَإِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ وفی رِوَايَةٍ وَإِنْ صَامَ وَصَلّٰى وَزَعَمَ أَنَّهُ مُسْلِمٌ (متفق علیہ)

حضرت ابو ھریرہ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا منافق کی تین نشانیاں ہیں جب بات کرے گا جھوٹ بولے گا، وعدہ کرے گا تو خلاف ورزی کرے گا اور جب امانت رکھوائی جائے گی تو خیانت کرے گا۔ ایک روایت میں ہے کہ اگرچہ روزہ رکھے نماز پڑھے اور اپنے آپ کو مسلمان سمجھے۔

## اداریہ

قارئین محترم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امیدِ وافر بذاتِ غافر ہے کہ خبر نامہ انجمن ماہِ جنوری 2020 کا یہ شمارہ آپ کو ایمان اور عافیت کی بہترین کیفیت کے ساتھ موصول ہو گا۔ آمین

قارئین محترم رواں ماہ ہونے والے واقعہ میں ایرانی جنرل کی ہلاکت نے دنیا کے امن کو ایک بار پھر خطرے میں ڈال دیا ہے۔ سورۃ الکھف میں جس شدید فتنہ اور عالمی جنگ سے خبر دار کیا گیا ہے اور نبی اکرم ﷺ نے جس دجالی فتنہ سے خبر دار کیا ہے اس کے مظاہر اب سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہمیں ہر قسم کے فتنہ سے محفوظ فرمائے، ہمارے ایمان کی حفاظت فرمائے اور ہم کو توفیق دے اس دنیا میں ہماری مہلت عمل پوری ہونے سے پہلے ہم انفرادی اور اجتماعی توبہ کریں۔ نافرمانی، فسق و فجور کو چھوڑ کر اپنی تمام صلاحیتیں اور توانائیاں اللہ تعالیٰ کے دیئے نظام عدل کو قائم کرنے کی کوشش میں لگائیں۔

والسلام

شجاع الدین شیخ

مدیرِ تعلیم، انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی

# انجمن خدام القرآن سندھ کراچی کے تحت جاری تدریسی سرگرمیاں

## قرآن اکیڈمی ڈیفنس

قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں رجوع الی القرآن کورس کا چھبیسواں بیچ الحمد للہ جاری ہے جس میں 95 طلبہ و طالبات نے داخلہ لیا۔ رواں ماہ میں رجسٹرڈ طلبہ و طالبات کی تعداد 56 اور سامعین و سامعات کی تعداد 10 ہے۔ ڈیفنس اکیڈمی میں حضرات کے لیے مختلف مختصر کورسز جاری ہیں جن میں رجوع الی القرآن کورس کی تکمیل کرنے والے طلبہ و طالبات کے لیے علوم دینیہ میں سے منتخب علوم کی تدریس ہر ہفتے صبح 8:45 تا دوپہر 1 بجے تک ہوتی ہے۔ ناظرہ بمعہ تجوید بعد نماز فجر روزانہ، عربی گرامر کلاس بنام "قرآن اب آسان" ہفتے میں تین دن بروز پیر، بدھ اور جمعرات بعد نمازِ مغرب تا عشاء، حدیث کلاس بنام "مطالعہ و تفہیم ریاض الصالحین" ہفتے میں دو دن بروز بدھ اور جمعہ بعد نمازِ مغرب تا عشاء جبکہ عربی گرامر کلاس ہر اتوار دوپہر 3 بجے تا 4 بجے (برائے حضرات و خواتین) منعقد ہوتی ہے۔ خواتین کے جاری کورسز میں عربی گرامر کلاس بنام "قرآن اب آسان" ہفتے میں دو دن بروز پیر اور جمعرات 3:30 تا 4:30، تجوید کلاس بنام "ناظرۃ القرآن کورس" ہفتے میں دو دن منگل اور جمعرات صبح 10 سے دن 12 بجے، "ترجمہ قرآن کلاس" ہفتے میں چار دن پیر، منگل، جمعرات اور جمعہ 3:30 تا 4:30 بجے منعقد ہوتی ہیں۔ مسجد میں نماز پنجگانہ کے علاوہ نماز جمعہ و عیدین، نکاح اور جنازہ کا بھی اہتمام ہوتا ہے۔ 27 دسمبر کو سورج گرہن کے موقع پر مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں صلٰوۃ الکسوف کا اہتمام کیا گیا۔ اس کے علاوہ فجر کے بعد مطالعہ سیرت النبی ﷺ، ظہر کی نماز کے بعد بیان القرآن کا مطالعہ، عصر کے بعد تذکیر بالحدیث اور ہر اتوار بعد نماز ظہر دورہ ترجمہ قرآن کا بھی اہتمام ہے۔ اسٹاف کی دینی و اخلاقی تربیت کے لیے روزانہ صبح 9:10 تا 9:30 کلاس کا انعقاد ہوتا ہے جس میں درس قرآن، درس حدیث، سیرت النبی ﷺ، نماز کے مسائل، آداب زندگی اور قصص الانبیاء کے موضوعات پر گفتگو کی جاتی ہے۔

## قرآن اکیڈمی یٰسین آباد

قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں الحمد للہ رجوع الی القرآن کورس میں تدریس کا سلسلہ جاری ہے 40 طلبہ اور 53 طالبات کے علاوہ 4 سامعین اور 5 سامعات کورس میں شریک ہیں۔ تعلیمی سال 20-2019 میں مختلف شارٹ کورسز اور حلقات کا سلسلہ الحمد للہ جاری ہے جس میں عربی گرامر برائے قرآن فہمی، قرآن حکیم کی صرفی و نحوی تحلیل، علم و عمل برائے طلبہ و طالبات، بنیادی عربی گرامر مع لفظی ترجمہ برائے خواتین، تجوید القرآن کورسز برائے خواتین اور تنظیم اسلامی فیڈرل بی ایریا کے تحت قرآن فہمی کورس وغیرہ شامل ہیں۔ Active Sunday کے عنوان سے 8 دسمبر 2019 سے ایک کورس کا آغاز ہوا ہے جس کا دورانیہ 4 ماہ ہے جو کہ حضرات و خواتین دونوں کے لیے ہے جس میں عربی گرامر برائے قرآن فہمی اور مشکٰوۃ شریف کے ابواب "کتاب الآداب اور کتاب الرقاق" کی تدریس کا سلسلہ جاری ہے اوقات صبح 10 بجے تا دن 12 بجے تک ہیں۔ الحمد للہ عربی زبان کے بنیادی قواعد وضوابط اور ان کے اجراء کے لیے ہفتہ وار ترتیب پر ہر ہفتہ "دروس اللغۃ العربیہ" جزدوم کورس کا آغاز کیا جا چکا ہے تدریس کے اوقات صبح 9 بجے تا دن 11 بجے تک ہیں۔ تدریس کے فرائض جناب عاطف محمود صاحب ادا کر رہے ہیں۔ الحمد للہ ادارے کے خادمین کی دینی و اخلاقی تربیت کے لیے روزانہ کی بنیاد پر مختصر دورانیہ کی کلاس "دینی تربیت برائے خادمین" کے نام سے ترتیب دی گئی ہے تدریس کے اوقات روزانہ علاوہ جمعہ صبح 10 بجے تا 10:15 بجے تک ہیں۔ جناب جمیل احمد صاحب، جناب توحید خان صاحب اور جناب عاطف محمود صاحب تدریس کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ الحمد للہ طلبہ کی عملی مشق کے لیے روزانہ کی بنیاد پر مختصر درس قرآن و حدیث کا آغاز کیا ہے درس کے اوقات علاوہ جمعہ بعد نماز ظہر ہیں۔ الحمد للہ مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں باجماعت نماز ادا کرنے والے حضرات کے لیے بعد نماز عصر مختصر اُدرس حدیث کا بیان ہفتے میں 6 دن ہوتا ہے امام مسجد جناب عبد الحسیب صاحب معارف الحدیث کا مطالعہ کراتے ہیں۔ الحمد للہ خبرنامہ انجمن کے 11 شمارے شائع ہو چکے ہیں۔

## قرآن اکیڈمی کورنگی

قرآن اکیڈمی کورنگی میں رجوع الی القرآن کورس کے چوتھے بیچ میں تدریس کا سلسلہ بحسن وخوبی جاری ہے۔ 19 دسمبر 2019ء بروز جمعرات کو قرآن اکیڈمی میں قرآن اکیڈمی فیصل آباد کے طلبہ اور اساتذہ کا دورہ ہوا۔ قرآن اکیڈمی کورنگی میں تنظیم اسلامی کورنگی شرقی کے تحت بعد نماز عشاء عربی گرامر اور تجوید القرآن کی کلاسز جاری ہیں۔ مدرسۃ القرآن میں حفظ القرآن اور ناظرہ و قاعدہ کی کلاسز میں تدریس کا عمل جاری ہے۔ حفظ القرآن میں 23 جبکہ ناظرہ و قاعدہ میں 92 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔

اسی طرح بنات میں 110 طالبات زیر تعلیم ہیں۔ جبکہ خواتین میں تجوید القرآن کی کلاس میں 35 خواتین زیر تعلیم ہیں۔ مدرسۃ القرآن میں طلبہ کی تربیت کے لیے ہر ہفتہ تربیتی کلاس کا بھی انعقاد کیا جاتا ہے۔ قرآن اکیڈمی کورنگی سے متصل جامع مسجد طیبہ میں ہر جمعرات بعد نماز عشاء درسِ قرآن ہوتا ہے جس میں مدرّس کے فرائض مدیر قرآن اکیڈمی کورنگی جناب انجینئر نعمان اختر صاحب انجام دیتے ہیں۔ ادارہ کے تحت مجالس نکاح کا انقعاد بھی ہوتا ہے۔ قرآن اکیڈمی کورنگی میں حلقۂ خواتین کے تحت ہر ماہ کے دوسرے جمعہ کو 4 بجے درسِ قرآن کا انعقاد ہوتا ہے۔

## قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر

قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر میں جاری تعلیمی سرگرمیوں میں ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس کے علاوہ ہفتہ وار منتخبات علوم دینیہ برائے حضرات، دروس اللغۃ العربیہ برائے حضرات وخواتین اور اسی طرح بچوں اور بچیوں کے لئے ہفتہ وار تربیتی کورسز شامل ہیں۔ گزشتہ ماہ بچوں کے لئے تربیتی کورس کا اختتام ہوا البتہ بچیوں کے لئے معلمات کے ذریعے اس کورس کو جاری رکھا گیا ہے۔ مسجد جامع القرآن گلستان جوہر میں اردو خطاب جمعہ کی سعادت مدیر ادارہ کے پاس ہے۔ گزشتہ ماہ سیرت النبی ﷺ کی کتاب تجلیات نبوت کا مطالعہ شروع کیا گیا تھا جو اس مہینے بھی جاری رہا۔ مسجد میں حلقہ بالغاں برائے تجوید بعد نماز فجر منعقد ہوتا ہے جبکہ آداب المعاشرت کا مطالعہ بعد ظہر جناب ایاز ایوب صاحب اور مسائل العبادات کا مطالعہ بعد عصر جناب قاری غلام اکبر صاحب کروارہے ہیں۔ ترجمہ قرآن بعد نماز فجر کا سلسلہ بحمدہ تعالیٰ بحسن خوبی مکمل ہوا جس کے ضمن میں قرآن حکیم اور ہماری ذمہ داریاں کے موضوع پر درس قرآن کا انعقاد ہوا۔ مدرسۃ القرآن میں قاعدہ وناظرہ کی تدریس دوپہر 3 بجے ہوتی ہے۔ بچوں کو نماز، دعائیں اور دیگر آداب زندگی سکھانے کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ شام کے اوقات میں مقامی تنظیم کے تحت دینیات کورس جاری ہے جس میں عربی گرامر، تجوید اور دورہ ترجمہ قرآن شامل ہیں۔

## قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد

قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد میں الحمدللہ صبح کے اوقات میں خواتین وحضرات کے لیے رجوع الی القرآن کورس کی تدریس باقاعدگی سے جاری ہے۔ ظہر تا عصر بچوں کے لیے ناظرہ قرآن کا سلسلہ باقاعدگی سے جاری ہے جس میں قاری صاحب بچوں کو ناظرہ قرآن اور مفتی صاحب بچوں کی اخلاقی تربیت کا اہتمام فرماتے ہیں۔ بعد نمازِ عشاء تعلیم بالغان کا سلسلہ جاری ہے جس میں بڑی عمر کے حضرات کے لیے ناظرہ قرآن کا اہتمام کیا ہے۔ ہر اتوار دن 11 تا دوپہر 1 بجے بچوں اور بچیوں کے لیے علم فاؤنڈیشن کے نصاب کی تدریس کا سلسلہ جاری ہے جس میں تدریس کی ذمہ داری جناب فاروق پاشا صاحب ادا کررہے ہیں۔ ہر اتوار بعد نمازِ عشاء درسِ قرآن کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں مدرس کے فرائض جناب فاروق ناغڑ صاحب ادا کررہے ہیں۔ بروز جمعۃ المبارک مغرب تا عشاء ڈاکٹر اسرار احمدؒ کی ابوظہبی ویڈیو سیریز تسلسل کے ساتھ دکھائی جارہی ہے۔ الحمدللہ تنظیمِ اسلامی حیدرآباد کے نظم کے تحت خواتین کے لیے دوپہر کے اوقات میں تین ماہ پر مشتمل دینیات کورس بحسن وخوبی مکمل ہوا۔ الحمدللہ حضرات وخواتین کے لیے ہفتہ اور اتوار کے روز دوپہر 2 تا 4:30 بجے کے اوقات میں شارٹ کورس جاری ہے۔ موسمِ سرما کی چھٹیوں کے پیشِ نظر بچوں اور بچیوں کے لیے ایک ہفتہ کے دورانیہ پر مشتمل (مورخہ 23 تا 28 دسمبر) ونٹر کورس کا اہتمام کیا گیا، معلم کی ذمہ داری سابقہ رجوع الی القرآن کورس کے طالبِ علم جناب کبیر الدین صدیقی صاحب جبکہ بچیوں میں موصوف کی زوجہ اور بیٹی نے معلمہ کے فرائض سرانجام دیے۔

## قرآن مرکز لانڈھی

مدرسۃ القرآن میں حفظ القرآن اور ناظرہ و قاعدہ کی کلاسز میں الحمدللہ تدریس جاری ہے۔ حفظ القرآن میں 39 جبکہ ناظرہ و قاعدہ میں 47 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ مدرسۃ البنات میں 67 طالبات زیر تعلیم ہیں۔ مدرسۃ القرآن میں طلبہ کی تربیت کے لیے تربیتی کلاس کا بھی انعقاد کیا جاتا ہے۔ مدرسہ حفظ القرآن میں 1 طالب علم نے تکمیلِ حفظ کی سعادت حاصل کی۔ . قرآن مرکز میں تنظیم اسلامی لانڈھی کے تحت شام کے اوقات میں عربی گرامر اور تجوید القرآن کی کلاسز جاری ہیں۔ جس میں 7 حضرات اور 14 خواتین شریک ہیں۔ قرآن مرکز لانڈھی میں جمعہ کے دن بعد نماز عشاء پندرہ روزہ درسِ قرآن ہوتا ہے جس میں مدرّس کے فرائض ناظمِ قرآن مرکز لانڈھی جناب محمد ہاشم صاحب انجام دیتے ہیں۔

## دی ہوپ اسلامک اسکول

دی ہوپ اسلامک اسکول میں Second Term کے امتحانات کے نتائج کا اعلان کیا گیا۔ سقوطِ ڈھاکہ اور یوم قائدِ اعظم کے حوالے سے پروگرامز منعقد کیے گیے۔ دی ہوپ اسلامک اسکول میں 20 تا 31 دسمبر 2019ء موسم سرما کی تعطیلات رہی۔

## ضرورت ہے

دی ہوپ اسلامک اسکول میں سائنس اور انگلش کے مضامین کی تدریس کے لیے دینی مزاج کے حامل حضرات وخواتین کی ضرورت ہے، خواہش مند حضرات و خواتین اپنے مکمل کوائف کے ہمراہ رابطہ فرمائیں۔

ایڈریس: دی ہوپ اسلامک اسکول، متصل طیبہ مسجد، زمان ٹاؤن کورنگی نمبر 4، کراچی۔ فون: 021-35074664 , 0333-3452946

## گزشتہ ماہ ہونے والے محاضرات ودروس

**قرآن اکیڈمی ڈیفنس** میں گزشتہ ماہ درس قرآن وحدیث مورخہ 6 دسمبر 2019 بروز جمعہ بعنوان "میری جستجو: کامیابی" بعد نماز عشاء مسجد جامع القرآن ، قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں منعقد ہوا جس میں مدرس کے فرائض جناب انجینئر عثمان علی صاحب نے ادا کیے۔

خصوصی محاضرات بعنوان اہل خانہ کی تربیت اور عارضی گھر کی حقیقت اور سربراہ خاندان کی ذمہ داری کے عنوانات پر خصوصی محاضرات منعقد ہوئے جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر قرآن اکیڈمی کورنگی جناب انجینئر نعمان اختر صاحب نے ادا کی، جبکہ اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات کے موضوع پر جناب حافظ خالد شفیع صاحب نے خطاب فرمایا۔ فکر اسلامی کے موضوعات قرآن اور جہاد، جہاد فی سبیل اللہ اور منہج انقلاب نبوی ﷺ کے عنوانات پر مدیر ادارہ جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب نے خطاب فرمایا۔

**قرآن اکیڈمی یٰسین آباد** میں گزشتہ ماہ درس قرآن و حدیث مورخہ 7 دسمبر 2019 بروز ہفتہ بعنوان "الہدٰی و دین الحق" بعد نمازِ عشاء مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں منعقد ہوا جس میں مدرس کے فرائض مدیر قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر جناب ڈاکٹر انوار علی ابرار صاحب نے ادا کیے۔

فکر اسلامی بعنوان "اسلام کی نشاۃ ثانیہ کرنے کا اصل کام" منعقد ہوا جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر ادارہ جناب سید سلیم الدین صاحب نے ادا کی۔ جبکہ خصوصی محاضرہ بعنوان "عظمت خیر البشر ﷺ فی التفسیر الکوثر" منعقد ہوا جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر قرآن اکیڈمی فیصل آباد جناب انجینئر فیضان حسن صاحب نے ادا کی۔

**قرآن اکیڈمی کورنگی** میں گزشتہ ماہ "میرا گھر میری ذمہ داری" کے عنوان سے خصوصی محاضرہ منعقد ہوا جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر ادارہ جناب انجینئر نعمان اختر صاحب نے ادا فرمائی۔ اسی طرح فکر اسلامی کے تحت "منہج انقلاب نبوی ﷺ" کے عنوان سے لیکچر منعقد ہوا جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر قرآن اکیڈمی ڈیفنس جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب نے ادا فرمائی۔

**قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد** میں گزشتہ ماہ "شعورِ ختمِ نبوت وفتنۂ قادیانیت" کے عنوان سے خصوصی محاضرہ منعقد ہوا جس میں تدریس کی ذمہ داری جناب توصیف احمد صاحب (مبلغ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت) نے ادا فرمائی۔

# اعلانات

**قرآن اکیڈمی یٰسین آباد** میں منگل 14 جنوری 2020 کو رجوع الی القرآن کورس کے طلبہ وطالبات کے لیے Inter Academy Quiz کا انعقاد کیا جارہا ہے جبکہ اس ہی دن نوجواں مسلم قرآن فہمی کورس کے طلبہ میں اسناد و انعامات بھی تقسیم کیے جائینگے۔

# شعبہ سمع وبصر

## قرآن فورَم:

شعبہ ملٹی میڈیا کے تحت قرآن فورَم کے عنوان سے جاری ٹاک شو میں دورِ جدید میں پیش آنے والے مختلف معاشرتی مسائل اور ان کے ازالہ کے لیے قرآن و سنت کی رہنمائی پر گفتگو کی جاتی ہے۔ اس پروگرام میں قرآن اکیڈمی ڈیفنس کے استاذ جناب محمد نعمان صاحب میزبانی کے فرائض سر انجام دیتے ہیں جبکہ جناب شجاع الدین شیخ صاحب بطور مہمان شریک ہوتے ہیں۔ یہ پروگرام میٹرو ون نیوز چینل پر ہر جمعہ دوپہر 2 بجے نشر ہوتا ہے اور ہر ہفتہ صبح 6 بجے دوبارہ نشر ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ قرآن اکیڈمی کی ویب سائٹ اور سوشل میڈیا پر بھی ہر ہفتہ باقاعدگی سے اپ لوڈ کیا جاتا ہے۔ رواں ماہ (دسمبر 2019ء) درجِ ذیل موضوعات پر پروگرام ریکارڈ کیے گئے:

وقت کی اہمیت، برکت کیسے حاصل ہو، قرآن سے تعلق۔ کیسے اور مادہ پرستی

## مختصر دورانیہ کے کلپس

محترم جناب شجاع الدین شیخ صاحب کے مختلف پروگراموں میں سے 84 مختصر دورانیہ کے کلپس علیحدہ کرکے قرآن چینل کے فیس بک پیج پر شیئر کیے گئے۔

## اسلام چینل اردو (UK)

اسلام چینل اردو (UK) پر شعبہ ملٹی میڈیا کے تحت تیار کیے گئے حسبِ ذیل پروگرام ہر ہفتہ نشر ہوتے رہے:

- حقیقت (مدرّس: جناب شجاع الدین شیخ صاحب)، دورانیہ: 30 منٹ
- تعلیمات قرآن (مدرس: جناب شجاع الدین شیخ صاحب)، دورانیہ: 45 منٹ
- پیغام سیرت (مدرس: جناب شجاع الدین شیخ صاحب)، دورانیہ: 45 منٹ